80 سال پرانا کیپ تھوڑی خراب حالت میں ہونے کے باوجود بھی مقامی نیلام گھر میں 2 لاکھ 50 ہزار ڈالرز میں نیلام

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق لیجنڈ کرکٹر ڈان بریڈمین کا 80 سال پرانا 'بیگی گرین کیپ' کروڑوں روپے میں نیلام کر دیا گیا۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق آنجہانی آسٹریلوی کرکٹر ڈان بریڈمین کا یہ 80 سال پرانا کیپ تھوڑی خراب حالت میں ہونے کے باوجود بھی آسٹریلیا کے مقامی نیلام گھر میں 2 لاکھ 50 ہزار ڈالرز یعنی تقریباً 7 کروڑ پاکستانی روپے میں نیلام ہوا۔ نیلام گھر کی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ آنجہانی سر ڈان بریڈمین نے یہ ٹیسٹ کیپ اپنے آخری ٹیسٹ سیریز کے دوران پہنا تھا جو کہ 48-1947ء میں بھارت کے خلاف آسٹریلیا میں کھیلی گئی تھی۔ نیلام گھر کی انتظامیہ نے مزید بتایا کہ یہ واحد بیگی گرین کیپ تھا جو اس سیریز سے اب تک نیلام گھر میں محفوظ تھا۔ نیلام گھر کی انتظامیہ نے یہ بھی بتایا کہ اس سیریز میں ڈان بریڈمین نے 6 اننگز میں 178.75 کی اوسط سے کھیلتے ہوئے 3 سنچریوں اور 1 ڈبل سنچری کی مدد سے 715 رنز بنائے تھے۔ واضح رہے کہ بریڈمین کو کرکٹ کی تاریخ کا سب سے عظیم بیٹر مانا جاتا ہے، وہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں اب تک 99.94 کی اوسط سے کھیلنے کا اعزاز اپنے نام کرکے ریٹائر ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنے کرکٹ کیریئر میں 2 5 ٹیسٹ میچز کھیلے اور 80 اننگز میں 6 ہزار 996 رنز بنائے جس میں 29 ٹیسٹ سنچریاں اور 13 نصف سنچریاں شامل ہیں، ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ ڈبل سنچریاں بنانے کا عالمی ریکارڈ بھی انہی کے پاس ہے۔

چیمپئنز ون ڈے کپ میں کچھ کھلاڑیوں کی کارکردگی شاندار رہی ہے، سرفراز احمد



راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق کپتان سرفراز احمد کے لیے چیمپئنز ٹی 20 کپ ان کے اینگرو ڈولفنز اسکواڈ میں بین الاقوامی سطح کے ٹی 20 کرکٹ کے انداز کو شامل کرنے کا ایک اچھا موقع ہے، ٹورنامنٹ 7 دسمبر سے راولپنڈی سٹیڈیم میں شروع ہوگا، یہ ایونٹ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مقامی ٹیلنٹ کو نکھارنے کے منصوبوں کا تسلسل ہے اور اس کا مقصد ملکی اور بین الاقوامی معیار کے درمیان فرق کو کم کرنا ہے۔ اس حوالے سے اینگرو ڈولفنز کے مینٹور سرفراز احمد نے کہا ہے کہ پی سی بی ان ایونٹس کے ذریعے ملک کے نوجوان کھلاڑیوں کو مثالی مواقع فراہم کررہا ہے، امید ہے کہ کھلاڑی ٹی 20 کرکٹ اسی طرح کھیلیں گے جس طرح بین الاقوامی سطح پر کھیلی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئنز ون ڈے کپ میں ہم اچھا پرفارم نہیں کرسکے لیکن کچھ کھلاڑیوں کی کارکردگی شاندار رہی جن میں سفیان مقیم اور قاسم اکرم شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ ڈولفنز کے کھلاڑی بہت ذہین ہیں اور تیزی سے سیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ٹورنامنٹ میں فاسٹ باؤلر احسان اللہ توجہ کا مرکز ہوں گے جنہوں نے پاکستان سپر لیگ 2023 میں 2 2 وکٹیں حاصل کیں جس کی وجہ سے ملتان سلطان رز اپ رہی اور انہیں ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

حدیقہ کیانی دنیا کی 100 متاثر کن خواتین کی فہرست میں شامل

لاہور (ویب ڈیسک) برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن (بی بی سی) نے اپنی سالانہ 100 خواتین 2024 کی فہرست جاری کی ہے جس میں پاکستان کی مشہور گلوکارہ حدیقہ کیانی بھی شامل ہیں۔ حدیقہ کیانی جو 1990 کی دہائی سے موسیقی کی دنیا پر راج کر رہی ہیں نہ صرف اپنی جاندار گلوکاری کے لیے مشہور ہیں بلکہ ان کی انسانیت کے لیے خدمات بھی بے مثال ہیں۔ 2022 کے پاکستان میں آنے والے تباہ کن سیلاب کے دوران حدیقہ نے متاثرین کی مدد کے لیے وسیلہ راہ پراجیکٹ کا آغاز کیا جس کے تحت بلوچستان اور جنوبی پنجاب میں 370 سے زائد مکانات تعمیر کیے گئے۔ بی بی سی کے مطابق حدیقہ کیانی جنوبی ایشیائی پاپ موسیقی میں خواتین کے عزم اور طاقت کی علامت ہیں، وہ اقوام متحدہ کی ترقیاتی پروگرام کی خیر سگالی سفیر کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہی ہیں۔





SHOWBIZ

یوٹیوب پر جھوٹ پھیلایا جا رہا ہے، اداکارہ لاٹیپہ خان

ماضی میں میرے قطری شہزادے سے شادی کی خبریں پھیلائی گئی تھیں



کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ لائبہ خان کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ لائبہ خان نے تصاویر شیئر کیں جس میں انہیں لال گلاب تھامے سنجیدگی کا تاثر دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔ ایک تصویر میں اداکارہ گلدستے تھامے ہوئے ہیں۔ انہوں نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لال گلاب کی ایموجی بناتے ہوئے لکھا کہ 'بس خواہش ہی رہ گئی'۔ لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ کونسی سی خواہش رہ گئی ہے۔ لائبہ خان نے چند گھنٹوں قبل یہ تصاویر شیئر کیں جسے لاکھوں کی تعداد میں مداح دیکھ چکے ہیں اور ان کی خوبصورتی کی تعریف بھی کررہے ہیں۔ اس سے قبل ایک انٹرویو میں لائبہ خان نے کہا تھا کہ ماضی میں ان کی قطری شہزادے سے شادی کی خبریں پھیلائی گئی تھیں۔ انہوں نے بتایا تھا کہ ان سے متعلق یوٹیوب سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر خبریں پھیلائی گئیں کہ لائبہ خان نے 50 سالہ قطری شہزادے سے شادی کرلی، کیوں کہ اس شخص کے پاس پیسے بہت تھے۔

کنگنا رناوت نے پاپارازی (فوٹو گرافرز) کو اپنی فلم دیکھنے کا مشورہ دیدیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کنگنا رناوت نے پاپارازی (فوٹو گرافرز) کو اپنی فلم دیکھنے کا مشورہ دے دیا۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ کنگنا رناوت کی ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں وہ پاپارازی کو فلم دیکھنے کا مشورہ دیتی دکھائی دے رہی ہیں۔ وائرل ویڈیو میں پاپارازی اداکارہ سے پوچھتے ہیں کہ 'آپ کو فلم کیسی لگی۔؟' کنگنا پوچھتی ہیں کہ 'مجھے تو بہت اچھی لگی، آپ لوگوں نے دیکھ لی؟' پاپارازی کہتے ہیں کہ نہیں دیکھی ہے جس پر کنگنا کہتی ہیں کہ ایسی بکواس فلمیں دیکھتے ہو تبدیلی کے لیے اچھی فلم بھی دیکھ لو۔ واضح رہے کہ چند روز قبل کنگنا رناوت کی فلم 'ایمرجنسی' کو آخرکار سنیما گھروں میں ریلیز کرنے کی اجازت مل گئی اب فلم 17 جنوری 2025 کو بڑے پردے کی زینت بنے گی۔

پیسوں کے عوض جنازے میں رونے کی آفر ملی، چنکی پانڈے کا دلچسپ انکشاف

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی وڈ کے مشہور اداکار چنکی پانڈے نے اپنے کیریئر کے آغاز کے دنوں کا ایک دلچسپ واقعہ شیئر کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک بار پیسوں کے عوض جنازے میں شرکت کرچکے ہیں۔ حال ہی میں دیے گئے ایک انٹرویو میں چنکی پانڈے نے بتایا کہ ان کے کیریئر کے ابتدائی دنوں میں ان کی آمدنی کا ذریعہ مختلف تقریبات میں شرکت کرنا تھا۔ ایک دن ایک آرگنائزر نے انہیں سفید کپڑے پہن کر ایک تقریب میں آنے کے لیے کہا اور یقین دہانی کروائی کہ انہیں اس کے بدلے پیسے ملیں گے۔ چنکی پانڈے کے مطابق، میں مقررہ جگہ پر پہنچا اور دیکھا کہ سفید کپڑے پہنے لوگ جمع ہیں۔ جب اندر گیا تو سمجھ آیا کہ یہ جنازہ ہے۔ میں حیران رہ گیا اور سوچنے لگا کہ شاید آرگنائزر کا انتقال ہوگیا ہے۔ لیکن پھر آرگنائزر نے مجھے بتایا کہ مرحوم کے گھر والے چاہتے ہیں کہ اگر میں روؤں تو مجھے اضافی پیسے ملیں گے۔

ماہرہ خان کا ڈپریشن کا شکار ہونے کا انکشاف

لاہور (شوبز ڈیسک) ماہرہ خان نے ایک پوڈکاسٹ میں اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ وہ ماضی میں شدید ڈپریشن کا شکار رہی ہیں۔ ماہرہ نے بتایا کہ اس مشکل وقت میں انہیں دوستوں، اہل خانہ، اور بیٹے کی مدد کے ساتھ ساتھ ادویات اور روحانی تسکین سے بہت سہارا ملا اور وہ زندگی کی طرف واپس لوٹنے میں کامیاب رہیں۔ ماہرہ نے اس بات پر زور دیا کہ ڈپریشن یا دیگر ذہنی مسائل سے گزرنے والے افراد کو شرمندگی محسوس کرنے کے بجائے اپنی حالت کے بارے میں بات کرنی چاہیے اور ماہرین سے رجوع کرنا چاہیے۔ داکارہ کے مطابق ڈپریشن ایک بیماری ہے جس کا علاج موجود ہے اور اس پر بات کرنا یا مدد مانگنا کسی کمزوری کی علامت نہیں ہے۔

شاہ رخ کی مارکیٹنگ پر گفتگو نے میرا ذہن بدل دیا، اداکارہ تاپسی پنوں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی باصلاحیت اداکارہ تاپسی پنوں نے انکشاف کیا ہے کہ شاہ رخ خان کی مارکیٹنگ سے متعلق گفتگو نے میرا ذہن ہی بدل دیا۔ حالیہ انٹرویو میں تاپسی پنوں نے کہا کہ شاہ رخ خان نے فلم ڈنکی میں کام کے دوران مجھے مارکیٹنگ سے متعلق ایک سبق دیا، اُن کے نقطہ نظر نے مجھے دوبارہ سوچنے پر مجبور کردیا۔ تاپسی پنوں اور شاہ رخ خان نے فلم ڈنکی میں ایک ساتھ کام کیا، جو گزشتہ برس دسمبر میں ریلیز ہوئی، جیسے فلم ہیٹرز اور ناقدین کی طرف سے سراہا گیا۔ 37 سالہ اداکارہ اس سے قبل بھی کئی ہٹ فلموں میں پرفارم کرچکی ہیں، انہوں نے فلمی کیریئر کے دوران کئی بڑے اداکاروں کے ساتھ اسکرین شیئر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند دہائیوں پہلے فلم کی تشہیر کیلئے ہورڈنگز اور بینرز استعمال کیے جاتے تھے، پھر بل بورڈز کا دور آیا اب نئے مارکیٹنگ ٹولز آگئے ہیں۔ تاپسی پنوں نے کہا کہ شاہ رخ خان اشتہارات میں اثر انداز ہونے والوں کو پسند کرتے ہیں، انفلوئنسرز بھی تشہیر کیلئے دستیاب ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انفلوئنسرز سے متعلق یہ سب نقطہ نظر کا فرق ہے، ہر کوئی اسے اپنے انداز سے دیکھتا ہے، بس آپ نے دیکھنا ہے کہ آپ کس کا انتخاب کرتے ہیں۔

حریم فاروق کو 'ٹائی ٹینک' پر لے جانا چاہوں گا، سعد قریشی

سعد قریشی نے 'بسمل' میں نعمان اعجاز اور سویرا ندیم کے بیٹے 'موسیٰ' کا کردار نبھایا تھا

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار سعد قریشی نے کہا کہ حریم فاروق کو ٹائی ٹینک پر لے جانا چاہوں گا۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل 'بسمل' میں 'موسیٰ' کا کردار نبھانے والے معروف اداکار سعد قریشی نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی اور اس دوران مختلف موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ میزبان نے سوال کیا کہ آپ کے پاس دو وی آئی پی پاس ہیں کس کو ٹائی ٹینک پر لے جانا چاہیں گے؟ فردوس عاشق اعوان، مولانا فضل الرحمان یا پھر حریم فاروق؟ سعد قریشی نے کہا کہ ساتھی اداکارہ حریم فاروق کو ٹائی ٹینک پر لے جانا چاہوں گا۔ اداکار سے دوسرا سوال کیا گیا کہ آپ کے پاس دو لائف جیکٹ ہیں ڈوبتی کشتی ہے کس کو دوسری لائف جیکٹ دینا چاہیں گے؟ سعد کو آپشن میں نعمان اعجاز اور احسن طالش کے نام دیے گئے۔ انہوں نے اس سوال کا جواب نہیں دیا اور جنرل نالج کے سوال پر چلے گئے۔ ایک سوال کے جواب میں سعد قریشی نے کہا کہ فہد مصطفیٰ کے ساتھ سیلفی لینا چاہیں گے۔

بھیشک اور ایشوریا کی طلاق کی افواہیں، امیتابھ نے غصے بھری ٹویٹ کردی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے میگا اسٹار امیتابھ بچن اپنے بیٹے ابھیشک بچن اور بہو ایشوریا رائے کی طلاق کی افواہوں پر ایک غصے سے بھری ٹوئٹ شیئر کردی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کون بنے گا کروڑ پتی کے میزبان نے ایک غصے سے بھرپور ٹوئٹ کی ہے، پیر کو شیئر کی جانے والی اس پوسٹ کو دیکھنے کے بعد بالی ووڈ سپر اسٹار کے مداح تذبذب کا شکار ہوگئے ہیں۔ امیتابھ نے پوسٹ کے کیپشن میں لکھا "5210 چپ!" ساتھ ہی انھوں نے غصے سے بھرے چہرے کی ایموجی کا بھی استعمال کیا، اس کے بعد مداح یہ سوچنے پر مجبور ہوگئے کہ بگ بی نے ایسا کیوں کیا۔ امیتابھ بچن نے ایک اور ٹویٹ شیئر کی جس میں انھوں نے لکھا "5211 چپ چاپ، پڈی کا باپ (ساتھ ہی انھوں نے زپ کے منہ والے چہرے کی ایموجیز بنائیں)۔" صارفین ان کی ٹوئٹ کا مطلب یہ نکال رہے ہیں کہ 'آپ سب بولنے کے حوالے سے بہت معمولی حیثیت رکھتے ہیں'، ان دو پوسٹس نے شائقین کو مزید الجھن میں ڈال دیا ہے اور وہ اسے ایشوریہ اور ابھیشک کی طلاق کی افواہوں پر کی جانے والی پوسٹ سمجھ رہے ہیں۔ ایک صارف نے لکھا کہ 'آپ کی ٹوئٹ سے مایوسی یا ناامیدی کے گہرے احساس کا اظہار ہوتا ہے، اس سے لگتا ہے کہ کسی نے کچھ غلط کیا ہے، ایک اور شخص نے لکھا کہ 'سر جی یہ کیا ہوگیا ہے آپ کو، سب خیریت ہے نہ؟'

حنا ربانی کھر کی بلاول بھٹو سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما حنا ربانی کھر نے بلاول ہاؤس کراچی میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں حنا ربانی کھر نے بلاول بھٹو زرداری کو پارٹی امور پر بریف کیا۔ ملاقات میں سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سینیٹر فرحت اللہ بابر، سینیٹر سحر کامران، سینیٹر پلوشہ خان، سینیٹر فیصل سبزواری، سینیٹر شہادت اعوان، سینیٹر سلیم ضیا، سینیٹر ثمینہ قیوم اور سینیٹر کرنل (ر) طارق رحیم بھی موجود تھے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

عارفوالہ میں لائیوسٹاک کارڈ کی تقسیم کا اغاز کر دیا گیا

حکومت عوام کی فلاح وبہبود اور بہتری کے لئے مصروف عمل ہے، ممبران اسمبلی



عارفوالا (نامہ نگار) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز صاحبہ اور منسٹر لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کے ویژن کے مطابق سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل صاحب کی ہدایت پر محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن تحصیل عارفوالا کی جانب سے عارفوالہ میں لائیوسٹاک کارڈ کی تقسیم کا اغاز کر دیا گیا ہے جس میں رانا غضنفر علی خان نمائندہ MNA اور چوہدری ارتضی نذیر MPA، چوہدری حمزہ نمائندہ MPA نے خصوصی شرکت کی اور مویشی پال حضرات میں لائیوسٹاک کارڈ تقسیم کئے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک عارفوالہ ڈاکٹر سعید اختر نے مہمانان گرامی اور فارمرز کو لائیوسٹاک کارڈ کے استعمال کے طریقہ کار اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد کے بارے میں آگاہ کیا مہمانان گرامی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کی قیادت میں مسلم لیگ ن کی پنجاب حکومت اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ عوام کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لئے مصروف عمل ہے خاص طور پر کسانوں کے لئے خصوصی اسکیمز شروع کی گئی ہیں تا کہ کسان ان اسکیموں سے مستفید ہو کر نا صرف خود زرمبادلہ کما سکیں بلکہ ملکی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکیں۔

کسان برے حالات سے دوچار ہے، چوہدری آصف محمود ڈھلوں

اگر گندم کی فصل میں بھی نقصان اٹھایا تو کاشتکاروں کے پاس کچھ بھی نہیں بچے گا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) زراعت سمیت ہر چیز کا بیڑہ غرق کر دیا گیا ہے کسان برے حالات سے دوچار ہے فصل میں مسلسل نقصان کے باعث کاشتکار رل گئے ہیں کسی کو فکر نہیں ہے آج تک زراعت پر اتنا برا وقت نہیں دیکھا گیا اگر گندم کی فصل میں بھی نقصان اٹھایا تو کاشتکاروں کے پاس کچھ بھی نہیں بچے گا ان خیالات کا اظہار ضلعی چیئرمین قومی امن کمیٹی بین المذاہب چوہدری آصف محمود ڈھلوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ بھاری ٹیکس لگا کر کسانوں کو مزید مفلوج کر دیا گیا ہے پاکستان کا انحصار زراعت پر ہے لیکن ناسمجھ طبقے نے ذاتی مفادات کی خاطر اس اہم شعبے کو بھی تباہ کر دیا ہے ملکی معیشت پہلے ہی آخری سانسیں لے رہی ہے ایسے میں زراعت پر زوال سے مزید تباہی آئے گی۔

محمد اسحاق مدنی کے لخت جگر شاہد رسول رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

قاری محمد اسحاق مدنی نے دعوت ولیمہ میں آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا



عارفوالا (نمائندہ قوت) جماعت اہلسنت پاکستان ڈویژن ساہیوال کے نائب امیر قاری محمد اسحاق مدنی کے لخت جگر شاہد رسول رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے جسکی دعوت ولیمہ کی تقریب سعید بقام جامعہ رحمت اللعالمین چکنمبر 243 بی بی جمیر اروڈ گگو منڈی میں منعقد کی گئی دعوت ولیمہ میں خصوصی آمد عزت مآب روحانی پیشوا صوبائی امیر جماعت اہلسنت پاکستان پنجاب صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری جبکہ دیگر مہمانان گرامیوں نے تقریب کے حسین لمحات کو درخشاں بنانے کیلئے پریس کلب عارفوالا جسٹرڈ کے صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، پاکستان میڈیا پریس کلب عارفوالا کے صدر راؤ محمد کامران، سینئر صحافی ملک محمد اکرم کھوکھر، رانا نعیم خاں، حافظ علی اکبر، وقار احمد جٹ، سلمان شیخ، محمود شاہ، رانا رضوان، بابا محمد شفیع، پیر سید اعجاز حسین شاہ، پیر سید فضل رسول شاہ، قاری بشیر احمد شا کر نوری، بابا محمد اشفاق فیصل آباد قاری ریاض احمد سعیدی، ریاض احمد انصاری، حاجی تنویر خاں، کنوینر انجمن فدایان مصطفے ڈپٹی ساہیوال محمد اکبر جتوئی، پیر ثقلین اختر سلیم خاں، محمد حنیف خاں، مفتی حبیب احمد نقشبندی، مولانا محمد حنیف حامی، محمد شفیق چشتی، قاری شاہ محمد ڈاکٹر محمد یار سمیت سیاسی، سماجی و مذہبی اور وکلاء، صحافیوں نے تقریب دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ قاری محمد اسحاق مدنی نے دعوت ولیمہ میں آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد

ضلع بھر سے پولیس افسران کی شرکت، تمام افسران کی کارکردگی کا تفصیلاً جائزہ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد ضلع بھر سے پولیس افسران کی شرکت، تمام افسران کی کارکردگی کا تفصیلاً جائزہ، وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کرائم فری پنجاب پر عملدرآمد کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیزی سے جاری۔ آر پی او ساہیوال۔ آر پی او ساہیوال محبوب رشید نے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کے ہمراہ ڈی پی او آفس میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا جس میں ضلع بھر کے SDPO's اور SHO's نے شرکت کی۔ آر پی او ساہیوال نے میٹنگ کے آغاز میں صوبہ بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر تمام افسران کو شاباش دی جس کے بعد آر پی او ساہیوال نے تمام افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیتے ہوئے ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کی سرزنش کی جبکہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی کارکردگی کو سراہا۔ دوران میٹنگ آر پی او ساہیوال نے تمام پولیس افسران پر زور دیا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کرائم فری پنجاب پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ جرائم میں واضع کمی لانے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گشت کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے اور شہریوں کی درخواستوں پر مقدمات کو اندراج بروقت کیا جائے۔ میٹنگ کے دوران زیر تفتیش سنگین مقدمات کو زیر بحث لاتے ہوئے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے مقدمات کو جلد از جلد حقائق کی روشنی میں یکسو کرنے کی ہدایت کی۔

سیالکوٹ ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ نعمان بٹر کا ڈاکوؤں کے خلاف گھیرا تنگ

ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی نوشیروان گینگ سرغنہ سمیت گرفتار

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ نعمان بٹر کا ڈاکوؤں کے خلاف گھیرا تنگ، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی نوشیروان گینگ سرغنہ سمیت گرفتار۔ لاکھوں روپے کا مال مسروقہ نقدی، موٹر سائیکلیں، قیمتی سمارٹ فونز اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی خصوصی احکامات پر ضلع سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور راہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے پیش نظر ڈی ایس پی سٹی سرکل طارق محمود کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے سی آئی اے پولیس ٹیم کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سیف سٹی کیمرہ سمیت مہارت یافتہ ٹیم کی مدد سے تین رکنی نوشیروان گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں نوشیروان سکنہ چکوال آصف سکنہ موتہ صادق عرف فاروق سکنہ جنوبے والی شامل ہیں ملزمان اسلحہ کے زور پر بنک سے کیش لیکر جانے والے شہریوں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھیننے اور فرار ہو جاتے تھے۔ دوران تفتیش ملزمان سے 10 مقدمات ٹریس ہوئے اور ان کے قبضہ سے مال مسروقہ میں نقدی 13 لاکھ 34 ہزار روپے، 4 قیمتی سمارٹ موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز 03 عدد پسٹل 30 بور معہ متعدد گولیاں برآمد کی گئیں اور ملزمان کو پابند سلاسل کر دیا گیا۔

نارنگ پولیس کی کارروائی 20 لیٹر ولائتی شراب برآمد، ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کارروائی 20 لیٹر ولائتی شراب برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا مقدمہ درج تفصیل کے مطابق ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ایس ڈی پی او اعلام مرتضی ڈوگر کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل نے کالج روڈ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کینال پارک کے رہائشی ملزم گوگا سے 20 لیٹر ولائتی شراب برآمد کر کے حوالات میں بند کر دیا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر شاہ فیصل اور اے ایس آئی اختر کا کہنا تھا کہ ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے شہری جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی کریں اور پولیس کے ساتھ تعاون کریں تا کہ علاقے کو منشیات سے پاک کیا جا سکے۔

فلاحی ادارہ ایم ایم فاونڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 200 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل کیا



کھڑیانوالہ (شبیر احمد قادری) فلاحی ادارہ ایم ایم فاونڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 200 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ متعدد ڈیتھ باڈیز کو گھروں میں منتقل کیا۔ روڈ ایکسیڈنٹ کے درجنوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ انوار الحق اعوان، صفی اللہ خٹک، رانا رضوان، شہزاد ورک، زاہد قادری، میاں رازق، حاجی ارشاد منج، مدثر ایڈووکیٹ، ظہور سہو ودیگر نے بانی فاونڈیشن رفیق حسین وٹیم کی کاوشوں کو سہراتے ہوئے کہا کہ یہ ایریا کے لیے احسن اقدام ہے۔ شہریوں کی زندگیاں بچانے میں اہم قدم ہے۔ عام اور ایمرجنسی مریضوں کو بڑی سہولت ہے۔ جس سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے مزید کہا کہ رفیق حسین کے ساتھ ساتھ میاں عبدالحمید، طاہر قادری، محسن جاوید، کاشف حمید، ڈاکٹر قمر، شبیر قادری سمیت تمام معاونین خراج تحسین کے مستحق ہیں جن کی بدولت یہ ادارہ انسانیت کی بھلائی کر رہا ہے۔ ٹیم کی انتھک کوشش سے ادارہ مزید فلاحی کام بھی سرانجام دے رہا ہے۔ جس کے لیے بانی فاونڈیشن رفیق حسین ذاتی طور پر مالی تعاون کر رہے ہیں۔

محکمہ ماحولیات نے گزشتہ ماہ کی گئی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دی گئیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ماحولیات نے گزشتہ ماہ کی گئی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالقیوم کے مطابق گزشتہ ماہ کے دوران ماحولیاتی آلودگی میں اضافے کا سبب بننے والے 28 انڈسٹریل یونٹس کو مسمار کیا گیا 44 یونٹس سیل کئے گئے خلاف تحفظ ماحولیات ایکٹ اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے پر 8 انڈسٹریل یونٹس کے مالکان کے خلاف مقدمات درج کروائے گئے اور مختلف یونٹس کو مجموعی طور پر 10 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا، اسی طرح اینٹیس تیار کرنے والے بھٹہ جات کے خلاف گزشتہ ماہ کی گئی کارروائیوں میں زگ زیک ٹیکنالوجی پر منتقل نہ کئے جانے والے 12 بھٹہ جات کو مسمار کیا گیا، مختلف بھٹہ جات کے مالکان کو مجموعی طور پر 2 لاکھ روپے جرمانے کئے گئے 7 بھٹہ مالکان کے خلاف مقدمات درج کروائے گئے جبکہ ممنوعہ پلاسٹک بیگز کی فروخت اور استعمال کے خلاف کی گئی کارروائیوں میں گزشتہ ایک ماہ کے دوران 1000 کے جی ممنوعہ پلاسٹک بیگز قبضہ میں لئے گئے اور ان کی تیاری و فروخت کے مرتکب کارخانہ مالکان و دکانداروں کو 20 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے کئے گئے۔

جامعہ بنات الاسلام فاروقیہ نزد طوبیٰ مسجد ہاؤسنگ کالونی میں فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں الحرمین ڈینٹل کیئر کی لیڈی ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم نے طالبات کے دانتوں کے چیک اپ کئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جامعہ بنات الاسلام فاروقیہ نزد طوبیٰ مسجد ہاؤسنگ کالونی میں فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے عہدیداران نے کیا، کیمپ میں الحرمین ڈینٹل کیئر کی لیڈی ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم نے طالبات کے دانتوں کے چیک اپ کئے اور مفت ادویات فراہم کیں جنہیں سٹاف افضیٰ اور فرزاویہ کی معاونت حاصل تھیں اس موقع پر معروف عالم دین قاری محمد طیب بھی موجود تھے جنہوں نے ڈینٹل کیمپ میں شرکت اور طالبات کی تشخیص و علاج پر ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم کا شکریہ ادا کیا اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ الحرمین ڈینٹل کیئر دانتوں کے علاج کے حوالے سے خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ ایک رفاہی ادارے کی شکل اختیار کر چکا ہے جسکے تحت مستحق افراد سمیت طلبہ و طالبات کے علاج معالجہ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

یونیسل کارپوریشن بہاول پور کی نااہلی، شہر بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں اور کمرشل بائنڈنگز کی بھرمار

عدالتی حکم کے باوجود بھی گرین ایریاز پر غیر قانونی تعمیرات جاری، کارپوریشن عملہ کسی قسم کی کاروائی سے گریزاں



ملتان (ذوالفقار علی چوہدری سے) میونسپل کارپوریشن بہاول پور کی نااہلی۔ شہر بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں اور کمرشل بائنڈنگز کی بھرمار، کنڈیشن اور کنورشن فیسوں کی مد میں حکومتی خزانے کو بھی ماہانہ کڑوروں کا ٹیکہ سینکڑوں رہائشی، کمرشل اور انڈسٹریل عمارتوں کی کنڈیشن اور کنورشن فیس ادا نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، شہریوں کی شکایات کے باوجود بھی کاروائی نہ ہو سکی، عدالتی حکم کے باوجود بھی شہر بھر میں گرین ایریاز پر غیر قانونی تعمیرات جاری ہیں، میونسپل کارپوریشن کا عملہ کسی بھی قسم کی کاروائی سے گریزاں ہے، میونسپل کارپوریشن کے عملہ کی مبینہ ملی بھگت کی وجہ سے شہر بھر میں نام نہاد اور بلیک لسٹ ڈویلپرز کا راج ہے جو سادہ لوح عوام سے غیر قانونی ہاوسنگ سکیموں کے ذریعے اربوں روپے بٹور رہے ہیں، میونسپل کارپوریشن کا عملہ متعدد بار انہی غیر قانونی تعمیرات پر نیب اور اینٹی کرپشن میں انکوائریاں بھگت چکا ہے کئی بار ان پر کرپشن ثابت بھی ہو چکی ہے مگر اس کے باجود بھی اپنی سیٹوں پر براجمان ہے ایسے آفیسرز کے خلاف کوئی موثر کاروائی نہ ہونا اعلی افسران کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، میونسپل کارپوریشن کے چیف آفیسر میاں اظہر جاوید ایم او پی وقار الحسن بلڈنگ اسپکٹر عبدالرزاق، کلرک سلیم چشتی ودیگر کے نام نہاد اور بلیک لسٹ ڈویلپرز سے ڈائریکٹ تعلقات ہیں جس بنا پر انہیں مکمل پروٹوکول دیا جاتا ہے ان کی آپس کی ملی بھگت اور گٹھ جوڑ کی وجہ سے حکومتی خزانے کو ہر ماہ کڑوروں کا ٹیکہ لگ رہا ہے، اگر فوری طور پر کرپٹ ملازمین کی سرکوبی نہ کی گئی تو میونسپل کارپوریشن بہاولپور سے کرپشن کا خاتمہ ممکن نہیں ہے کرپٹ عناصر نے معمولی تنخواہوں کے باوجود کروڑوں روپے کی جائیداد کی خرید و فروخت کے کاروبار کئے ہوئے ہیں اور نیب یا ترا کے علاوہ انٹی کرپشن کمیسز اور انکوائریوں میں ملوث پائے جاتے ہیں اہم انکشافات متوقع ہیں۔

مائنز اینڈ منرلز کمیٹی کا جائزہ اجلاس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے صدارت کی

محکمہ معدنیات کے افسران ریت رائلٹی کے ٹھیک جات کی کڑی نگرانی کو یقینی بنائیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے مائنز اینڈ منرلز کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ معدنیات کے افسران ریت رائلٹی کے ٹھیک جات کی کڑی نگرانی کو یقینی بنائیں، قواعد وضوابط کے تحت تمام امور کی انجام دہی کے سلسلہ وضع شدہ حکمت عملی کے تحت اقدامات کریں، اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات ساہیوال نے ریت کے ریٹس اور ریت رائلٹی سے متعلق امور بارے تفصیلی بریفنگ دی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو کنٹرول ریٹس پر ریت کی فراہمی کے سلسلہ میں اقدامات کیے جائیں اور مہنگے داموں ریت کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے اور اس سلسلہ میں تمام سٹیک ہولڈرز کو قانون کی مکمل پاسداری کا پابند بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گرانٹی رقبہ پر چوری کی روک تھام کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں اور سوفیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے۔

اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے مرکزی صدر حافظ محمد عامر صدیق نے ضلعی عہدیداروں کا اعلان کر دیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے مرکزی صدر حافظ محمد عامر صدیق نے ضلعی عہدیداروں کا اعلان کر دیا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق حافظ عبدالرحمن مدنی کو صدر، محمد نعیم ربانی کو جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔

پولیس خدمت مرکز نے ماہ نومبر کی سروسز فراہمی رپورٹ جاری کر دی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق بہتر پبلک سروس ڈیلیوری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں پولیس خدمت مرکز چنیوٹ میں جدید سہولیات کے ساتھ شہریوں کو پولیس سروسز فراہم کی جا رہی ہیں۔ پولیس خدمت مرکز کی ماہ نومبر کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ پولیس خدمت مرکز چنیوٹ سے ماہ نومبر میں 15 ہزار سے زائد شہری مختلف پولیس سروسز سے مستفید ہوئے۔ پولیس خدمت مرکز کے ذریعے ماہ نومبر میں 4682 لرنر پرمٹ، 2768 لرنر پرمٹ رینیو اور 6362 ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ ماہ نومبر میں 25 انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ گزشتہ ماہ پولیس نے 986 پولیس ویریفیکیشن اور 397 کریکٹر سرٹیفکیٹس جاری کیے۔ علاوہ ازیں کرایہ داری اندراج، ڈیمکلو و موبائل ویریفیکیشن، ملازمین کی تصدیق و دیگر پولیس سروسز فراہم کی گئی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری، عوام دوست پولیسنگ کے فروغ اور پولیس سروسز کی بہتر انداز میں فراہمی کیلئے تمام ممکن اقدامات

رب کریم انسانیت سے محبت کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں، ڈاکٹر فرح دیبا گوندل



وزیر آباد (نامہ نگار) رب کریم انسانیت سے محبت کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں، معذوری کو اپنے روزمرہ کے معاملات زندگی اور ملکی تعمیر وترقی میں رکاوٹ نہ سمجھنے والے عظیم لوگ ہوتے ہیں، سپیشل افراد نے قوموں کو اپنے فن وہنر سے سربلندی بخشی، نیوٹن اور ایڈیسن نے سپیشل شہری ہو کر بھی اپنی جسمانی کمزوری کو اپنی ایجادات کے آڑے نہ آنے دیا۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی جنرل سیکرٹری حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) ڈاکٹر فرح دیبا گوندل، محمد نعیم بٹ، چیئرمین پرچم فاؤنڈیشن محمد سرور نے معذوروں کے عالمی دن کے سلسلہ میں گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر وزیر آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

ماحولیاتی آلودگی، بھٹہ خشت، زہریلا دھواں سموگ کا سبب بنتا ہے، محمد افضل ملک

سموگ کا باعث بننے والے محرکات سے بچنے کی سعی کیجائے، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن



میڈیا گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ سموگ سے بچاؤ اور شہریوں کی حفاظت کیلئے ہر زمہ دار شہری کو ہر ممکن عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سموگ ماحولیاتی آلودگی کا نتیجہ ہے اور اس کا سبب بھٹہ خشت و گاڑیوں کا زہریلا دھواں، فصلوں کی باقیات و کوڑا کرکٹ و کیمیکل شدہ باقیات کو جلائے جانا ہے۔ زہریلے دھویں سے کاربن مونو آکسائیڈ، نائیٹروجن آکسائیڈ، جان لیوا میتھین گیس، کاربن ڈائی آکسائیڈ وغیرہ کا اخراج ہوتا ہے جو ہیومن باڈی آرگنز و نظام تنفس سمیت آنکھ ناک گلی و جلدی امراض کا باعث بنتا ہے۔ سموگ و ماحولیاتی آلودگی کے اسباب کو دور کرنے میں حکومت کا ساتھ دینا ہر ایک پاکستانی کا فرض ہے۔

مرکزی پریس کلب حافظ میڈیا گروپ چونیاں، سٹی پریس کلب چھانگا مانگا اور چھانگا مانگا پریس کلب کے ہم خیال صحافی دوستوں کا مشترکہ اجلاس

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) مرکزی پریس کلب حافظ میڈیا گروپ چونیاں، سٹی پریس کلب چھانگا مانگا اور چھانگا مانگا پریس کلب کے ہم خیال صحافی دوستوں کا مشترکہ اجلاس مل کر کام کرنے کا فیصلہ کچھ اہم صحافی نجی مصروفیات یا کسی مجبوری کی وجہ سے شرکت نا کر سکے جنہوں نے فون پر بات چیت کی سب دوستوں نے مل کر کام کرنے اور اپنی اور لوگوں کی آواز اعلی حکام تک پہنچانے کے لیے مل کر کام کرنے کا فیصلہ کیا حاضرین نے بات چیت کی اور کہا کہ سب سے پہلے ہم صحافیوں کو درپیش مسائل اور مشکلات کے لیے مل کر حل نکالنے کی کوشش کریں گے اور اس کے علاوہ کرپشن بدعنوانی اور ظلم کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہو گے کمزور اور مظلوم کا جس حد تک ہوا ساتھ دیں گے اداروں میں موجود کالی بھیڑوں کو باہر نکالیں گے اور سے اہم جو ہماری نوجوان نسل منشیات کی طرف جا رہی ہے جس سے نسلیں تباہ ہو رہی ہے منشیات کی روک تھام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے ہمارے قلم اور کیمرے حق اور سچ کے لیے چلیں گے مل کر کام کریں گے تو کوئی کام کرنے میں مشکل پیش نہیں آئے گی آخر میں صدر محفل صابر چوہدری نے شاراحمد، نوید انجم، فوٹو گرافر ملک لیاقت علی کنول، رانا مومن علی صابر، مقصود بٹ، محمد اکبر قادری، جاوید بھٹی نے شرکت کی اس کے علاوہ دیگر اہم صحافی نجی مصروفیات کی وجہ سے شرکت نا کر سکے۔

مسلم لیگ نے ہمیشہ عوامی خدمت کے ریکارڈ قائم کیئے، رانا رضوان

عوامی طاقت اعتماد کے بھروسہ پر ملک سے تمام بحران ختم ہوں گے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہیں مسلم لیگ ن نے ہمیشہ عوامی خدمت کے ریکارڈ قائم کئے چند شر پسند عناصر کو ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی ان کا کام ہی رکاوٹیں کھڑی کرنا ہے مگر ان رکاوٹوں کے باوجود ملکی ترقی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا عوامی طاقت اعتماد کے بھروسہ پر ملک سے تمام بحران ختم ہوں گے اور دنیا کے افق پر پاکستان کا نام روشن ہوگا میاں شہباز شریف کی قیادت میں ملک کی سمت درست ہے مسلم لیگ ن کے رہنما رانا رضوان یوسف کی سٹی پریس کلب میں گفتگو ان کا کہنا تھا ہمارا مقصد صرف اور صرف عوام کی خدمت ہے اقتدار کی خاطر نہیں ملک کی خاطر میدان عمل میں ہیں عوام سے کئے وعدے پورے کریں مشکل وقت گزر چکا اب ترقی کا سفر شروع ہے جس میں چند شر پسند عناصر رکاوٹ ہیں مگر وہ جان لیں ان کی کوئی چال کامیاب نہیں ہوگی۔

جیل کے حوالاتی عمران چاند کے دم توڑ جانے کا ذمہ دار جیل عملہ نہیں

الزام نہایت بے ہودہ اور یکسر بے بنیاد ہے، جیل سپرنٹنڈنٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ کے سپرنٹنڈنٹ اظہر جاوید چیمہ نے کہا ہے کہ گزشتہ روز جیل کے حوالاتی عمران چاند کے دم توڑ جانے کا ذمہ دار جیل عملہ نہیں مخالفین سے مک مکا کر کے قیدی کو زہر دینے کا الزام نہایت بے ہودہ اور یکسر بے بنیاد ہے حوالاتی عمران چاند کی طبیعت اچانک خراب ہوئی جس کے علاج معالجہ کی کوشش کی گئی مگر وہ دم توڑ گیا جس کے شواہد واضح ہیں حوالاتی کی اچانک موت کو قتل کا رنگ دینے کی کوشش کرنے والوں کو اپنے اس الزام پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا کیونکہ حقائق کو جھٹلایا نہیں جا سکتا سچائی سامنے ضرور آتی ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ جیل اظہر جاوید چیمہ نے کہا کہ قیدیوں اور حوالاتیوں پر جیل میں تشدد کئے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا نہ ہی عملہ اپنے اختیارات سے تجاوز کر کے کسی قیدی یا حوالاتی کو نقصان پہنچا سکتا ہے جیل کے تمام امور کی کڑی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جس کی خاطر مرتب کئے گئے مربوط لائحہ عمل کے باعث کسی طرح کی بے ضابطگی و کوتاہی کی ہرگز گنجائش نہیں، جیل بھر کے مختلف احاطوں میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے لمحہ بالمحہ تمام تر سرگرمیوں کا جائزہ لینے سمیت جیل کا وزٹ میرا معمول ہے منتظم ہونے کے ناطے تمام امور فعال رکھنا میری ذمہ داری ہے جس کی انجام دہی میں کبھی کوتاہی نہیں برتی۔

تیز رفتار دو موٹر سائیکل رکشے بے قابو ہو کر ٹرک سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ دو خواتین سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار دو موٹر سائیکل رکشے بے قابو ہو کر ٹرک سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ دو خواتین سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ نزد شرق پور فلور مل کے قریب تیز رفتار دو موٹر سائیکل رکشے بے قابو ہو کر ٹرک سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 55 ٹو ایل کا رہائشی محمد فاروق ولد عبدالغفور موقع پر جاں بحق جبکہ 22 سالہ سفیان 19 سالہ سلمان 30 سالہ انتیا اور 20 سالہ مریم شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کو مزید سہل کر دیا گیا ہے، انسپکٹر محمد عمران

ہماری کوشش ہے کہ ڈرائیونگ کا سکل رکھنے والوں کو ہی ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جائیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کے انچارج انسپکٹر محمد عمران نے بتایا ہے کہ ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کو مزید سہل کر دیا گیا ہے اب سائل موبائل ایپ کے ذریعے لائسنس فیس جمع کروا سکتا ہے اور اپنے کوائف کی تکمیل کی تمام تفصیلات بھی آن لائن حاصل کر سکتا ہے تا کہ اسے درکار کوائف کے حوالے سے کسی طرح کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے، انسپکٹر محمد عمران نے میڈیا کو بتایا کہ رکشہ، موٹر سائیکل اور کار کے روزانہ کی بنیاد پر سو سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جا رہے ہیں جن میں میرٹ کی بالادستی یقینی بنائی گئی ہے تا کہ فقط اہل افراد ہی روڈ یوزرز بن سکیں ڈرائیونگ انتہائی ذمہ دارانہ عمل ہے جس میں چھوٹی سی کوتاہی بھی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بن سکتی ہے لہذا ہماری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ فقط ایسے افراد کو ہی لائسنس جاری کئے جائیں جو ڈرائیونگ سکلز میں مہارت اور روڈ سیفٹی و ٹریفک قوانین سے باخوبی آگاہ ہوں اس حوالے

سمبڑیال: پے در پے چوری، ڈکیتی کی 12 وارداتوں کے دوران شہری لاکھوں روپے کے مال وزر سے محروم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو رپورٹ) سمبڑیال میں پے در پے چوری، ڈکیتی کی 12 وارداتوں کے دوران شہری لاکھوں روپے کے مال وزر سے محروم ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سمبڑیال کے علاقہ ملکھانوالہ میں جہانزیب کے ڈیرہ سے نامعلوم چور 2 لاکھ روپے، محلہ راجپوتاں میں میاں مح

''قوت'' کا اسپیشل ایڈیشن
روزنامہ قوت
لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے صحیح یا غلط ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات مختلف اخبارات میں شائع کیے جائیں۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کے کسی بھی حصے یا پورے اشتہار کو بغیر کسی وجہ بتائے مسترد کرنے کا حق رکھتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کو بغیر کسی وجہ بتائے واپس کرنے کا حق رکھتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کو کسی بھی وقت تبدیل کرنے کا حق رکھتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کو کسی بھی وقت روکنے کا حق رکھتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کو کسی بھی وقت منسوخ

مرکز صحت میں ڈاکٹرز سٹاف کی بھرتی تیزی سے جاری ہے

خواجہ عمران نذیر

مکیا طلبہ اپنے والدین انسٹی ٹیوشن کیلئے فخر ہیں سید عاشق کرمانی

وزیر اعلیٰ پنجاب کے تمام ہیلتھ ایشیو ز کو خود مانیٹر کر رہا ہوں۔ ہیلتھ پراجیکٹس کی تکمیل کے بعد صحت کے شعبہ میں نمایاں تبدیلیاں نظر آئیں گی

آئی آر ایم این سی ایچ اور پی ایچ ایف ایم سی کا کردار کئی گنا بڑھ جائے گا، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر کا دورہ ضلع خانیوال

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ویٹرنری یونیورسٹی کے گریجویشن طلبہ کو مبارکباد دی، عملی زندگی کے لیئے نیک خواہشات کا اظہار

ویٹرنری یونیورسٹی کے پندرہویں کانووکیشن کا اعلان، پروچانسلر/وزیر برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ پنجاب سید محمد عاشق حسین شاہ کرمانی نے صدارت کی

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تمام ہیلتھ ایشیو ز کو خود مانیٹر کر رہا ہوں۔ ہیلتھ پراجیکٹس کی تکمیل کے بعد صحت کے شعبہ میں نمایاں تبدیلیاں نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام بنیادی مراکز صحت میں تمام ہیلتھ ایشیو ز پر شفاف رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تمام ہیلتھ ایشیو ز کو خود مانیٹر کر رہا ہوں۔ ہیلتھ پراجیکٹس کی تکمیل کے بعد صحت کے شعبہ میں نمایاں تبدیلیاں نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام بنیادی مراکز صحت میں آئی آر ایم این سی ایچ اور پی ایچ ایف ایم سی کا کردار کئی گنا بڑھ جائے گا، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئ